© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بند کریں۔(امریکہ)

آپ کے ملک میں بھی ایسا ہو رہا ہے۔(پاکستان)

☆ایک سال میں دو حج ہو سکتے ہیں تو اسمبلی صدر کو دوبارہ منتخب کیوں نہیں کر سکتی؟(وزیر اطلاعات محمد علی درانی)

عقل نئیں تے موجاں ای موجاں!

☆مخلوط میراتھن سے ملک میں فحاشی اور بے حیائی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔(لیاقت بلوچ)

لاہور میں بسنت بھی منائی جائے گی۔(پرویز مشرف)

☆عورتیں برقعے جلا دیں، مرد پردہ کیوں نہیں کرتے۔(تسلیمہ نسرین)

تو چیچو چیچ گنڈیری ہے اور رات کی ہیرا پھیری ہے

☆پتنگ بازی پر پابندی ہے صرف بسنت منائی جائے گی۔(حکومتِ پنجاب)

گڑ کھانا، گلگلوں سے پرہیز!

☆فرقہ واریت کے نام پر بننے والی مساجد ختم کی جائیں گی۔(پرویز مشرف)

امریکی ایجنڈے پر مزید پیش رفت!

☆رشوت وصولی پر سب انسپکٹر گرفتار۔(ایک خبر)

تعجب کی بات ہے!

☆مجلس عمل نے مشرف کی موجودگی میں الیکشن لڑنے کا فیصلہ نہیں کیا۔(قاضی حسین احمد)

مشرف کی زیرِ نگرانی الیکشن میں بھرپور حصہ لیں گے۔(مولانا فضل الرحمٰن)

☆موجودہ اسمبلیاں صدر کو دس بار منتخب کر سکتی ہیں۔(شیر افگن)

بے نظیر تیسری مرتبہ وزیراعظم نہیں بن سکتی۔(شیخ رشید)

☆سپریم کورٹ کی جانب سے پتنگ بازی پر پابندی کے باوجود صوبائی حکومت نے کیوں کر اجازت دے دی۔

(قائم مقام چیف جسٹس رانا بھگوان داس)

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے



© rasailojaraid.com